**28-03-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......................شگفتہ یاسمین

---

**Music**

---

☆ بھارت نے کہا ہے کہ ملک کے انتخابی اور قانونی طریقۂ کار سے متعلق کسی بھی طرح کی بیرونی الزام تراشی بالکل ناقابل قبول ہے۔

☆ دلّی کی ایک عدالت نے شراب پالیسی گھپلے سے وابستہ کالے دھن کو جائز بنانے کے ایک معاملے میں وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کی انفورسمینٹ ڈائریکٹریٹ کی تحویل کو ایک اپریل تک بڑھا دی ہے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے زور دے کر کہا ہے کہ بنیادی ڈھانچے اور تعمیراتی پروجیکٹوں کو ماحولیات کیلئے ساز گار اور کفایتی توانائی کا حامل بنایا جانا چاہیے۔

☆ بیڈمنٹن میں پی وی سندھو، میڈرڈ اسپین ماسٹرس ٹورنامنٹ کے خواتین سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

☆ اور...... IPL کرکٹ میں جے پور میں راجستھان رائل اور دلّی کیپٹلس کے درمیان میچ جاری ہے۔

---

**Music**

---

اب خبریں تفصیل سے

**MEA - US**

وزارت خارجہ نے آج کہا ہے کہ دہلی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کی گرفتاری سے متعلق امریکی محکمۂ خارجہ کا حالیہ تبصرہ بے بنیاد ہے۔ آج دوپہر نئی دہلی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے وزارت کے ترجمان رَندھیر جیسوال نے کہا کہ بھارت کے انتخابی اور قانونی عمل پر ایسی کسی بھی قسم کی بیرونی الزام تراشی، پوری طرح سے ناقابل قبول ہے۔ بھارت نے امریکی محکمۂ خارجہ کی جانب سے کئے گئے تبصرے کے سلسلے میں کل امریکی سفارت خانے میں سینئر حکام کے سامنے اپنے سخت اعتراض اور احتجاج کا اظہار کیا ہے۔

ترجمان نے اس بات پر زور دیا ہے کہ بھارت کا قانونی عمل صرف اور صرف بھارتی آئین کے مطابق چلتا

ہے۔ انھوں نے کہا کہ ایسا کوئی بھی ملک، جو یکساں اقدار رکھتا ہو، خصوصاً وہ ملک، جہاں جمہوریت ہے، وہاں اس حقیقت کو تسلیم کرنے میں کوئی دقت پیش نہیں آنی چاہیئے۔

انھوں نے اس بات کو اجاگر کیا کہ بھارت اپنی آزادانہ اور مضبوط جمہوری اقدار پر فخر کرتا ہے اور وہ اُن اقدار کو غیرضروری بیرونی اثرات سے محفوظ رکھنے کیلئے بھی پُر عزم ہے۔ جناب جیسوال نے کہا کہ باہمی احترام اور سمجھ بوجھ بین الاقوامی تعلقات کی بنیاد ہوتی اور کسی بھی ملک سے دوسرے ممالک کی سالمیت اور بیرونی معاملات کے تئیں احترام کی امید کی جاتی ہے۔x

## Kejriwal Custody

دلّی کی عدالت نے مبینہ آبکاری پالیسی گھپلہ معاملے سے متعلق منی لانڈرنگ معاملے میں دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال کی انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ED کی تحویل میں یکم اپریل تک کی توسیع کردی ہے۔ انھیں ای ڈی نے 21 مارچ کو گرفتار کیا تھا۔ دلّی کی راؤس ایوینو عدالت کی خصوصی جج کاویری باویجا نے کیجریوال کی چھ روز کی ای ڈی تحویل کے ختم پر انھیں عدالت میں پیش کئے جانے کے بعد یہ حکم دیا۔

کل دہلی ہائی کورٹ نے کیجریوال کو عبوری راحت دینے سے انکار کردیا تھا اور صرف ان کی گرفتاری اور ریمانڈ سے متعلق چیلنج کرنے والی عرض پر نوٹس جاری کیا تھا۔x

## PM Lawyers Letter

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج الزام لگایا کہ دوسروں کو ڈرانا اور دھمکانا کانگریس کا پرانا کلچر ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وکیلوں کے ایک گروپ کی طرف سے بھارت کے چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ کو لکھے گئے ایک خط کا حوالہ دیتے ہوئے، جس میں عدلیہ کی سالمیت کو زک پہنچانے کی کوششوں پر تشویش کا اظہار کیا گیا، جناب مودی نے کہا کہ پانچ دہائی پہلے بھی کانگریس نے ایک عہد بستہ اور پُرعزم عدلیہ کا مطالبہ کیا تھا۔ انھوں نے دعویٰ کیا کہ کانگریس پارٹی اپنے مفادات کیلئے دوسروں سے وابستگی چاہتی ہے۔ تاہم وہ ملک کے تئیں کسی بھی عہد بستگی سے دور رہتی ہے۔ ہریش سالوے، منن کمار مشرا اور پنکی آنند سمیت ممتاز وکیلوں نے چیف جسٹس آف انڈیا کو خط لکھا۔

اِس خط میں انھوں نے الزام لگایا ہے کہ ایک مفاد پرست گروہ عدلیہ پر دباؤ ڈالنے، عدالتی عمل پر اثر انداز ہونے اور فضول منطق، فرسودہ سیاسی ایجنڈوں کی بنیاد پر عدالتوں کو بدنام کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اُن کے دباؤ کی حکمت عملی، سیاسی معاملات میں بالکل واضح ہے خاص طور پر اُن سیاسی شخصیات کے تئیں جن پر بدعنوانی کا الزام ہے۔ x

## MEA China

وزارت خارجہ نے آج اِس بات کا اعادہ کیا کہ اروناچل پردیش، بھارت کا اٹوٹ اور لازمی حصہ تھا، اٹوٹ حصہ ہے اور رہے گا۔ آج سہ پہر نئی دلّی میں میڈیا کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر

جیسوال نے کہا کہ اروناچل پردیش کے معاملے پر بھارت کا موقف کئی بار واضح کیا جاچکا ہے۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ چین اپنے بے بنیاد دعوے کو جتنی بار چاہے دوہرا سکتا ہے لیکن اِس سے بھارت کے موقف میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوگی۔

روس کی فوج سے علیحدگی اختیار کرنے کے خواہشمند بھارتی شہریوں کے بارے میں وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ وزارت اِس معاملے پر روسی حکام کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے۔

انھوں نے کہا کہ بھارت نے روسی حکام سے بھارتی شہریوں کو جلد از جلد فوج سے الگ کرنے اور انھیں وطن واپس بھیجنے کے معاملے کو سنجیدگی سے لینے کیلئے کہا ہے۔ x

## Prez infrastructure

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے زور دے کر کہا ہے کہ بنیادی ڈھانچے اور تعمیراتی پروجیکٹوں کو ماحولیات کیلئے سازگار اور کفایتی توانائی کا حامل بنایا جانا چاہئے۔ آج راشٹرپتی بھون میں سینٹرل پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ CPWD کے اسسٹنٹ ایگزیکٹو انجینئرس کے ایک گروپ سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ عمارتیں، سڑکیں اور دوسرے بنیادی ڈھانچے، پائیدار، کفایتی توانائی کا حامل اور ماحولیات کیلئے سازگار ہونے چاہئیں۔ صدر جمہوریہ نے مزید کہا کہ انجینئروں کو اختراعی نقطۂ نظر اختیار کرنا چاہئے تاکہ وہ درپیش چیلنجوں سے موثر طور سے نمٹ سکیں۔ انھوں نے نوجوان انجینئروں سے علاحدہ علاحدہ کام کرنے کے بجائے اجتماعی طور پر نیز دور رس اور ٹیکنالوجی پر مبنی نقطۂ نظر کے ساتھ کام کرنے کو کہا۔

محترمہ مرمو نے کہا کہ ابھرتی ہوئی نئی ٹیکنالوجیز جیسے کہ مصنوعی ذہانت، مشین لرننگ اینڈ روبوٹس، روایتی طرزِ فکر کو بدل رہے ہیں۔ صدر جمہوریہ نے مزید کہا کہ ماحول کیلئے سازگار تعمیرات وقت کی ضرورت ہے اور تعمیرات کے اختراعی طریقے اس شعبے کو تبدیل کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں۔x

## Second Phase Notifications

لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے نوٹیفکیشن جاری کردی گئی ہے۔ اس مرحلے میں مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے سمیت 12 ریاستوں میں 88 سیٹوں پر انتخابات کا انعقاد ہوگا۔ کیرالہ کی 20 لوک سبھا سیٹوں، کرناٹک کی 14، راجستھان کی 13، اترپردیش اور مہاراشٹر کی آٹھ-آٹھ سیٹوں، مدھیہ پردیش کی سات، آسام اور بہار کی پانچ-پانچ، مغربی بنگال اور چھتیس گڑھ کی تین-تین اور منی پور، تریپورہ اور جموں وکشمیر کی ایک-ایک سیٹ کیلئے دوسرے مرحلے میں انتخابات کرائے جائیں گے۔ 4 اپریل تک پرچۂ نامزدگی داخل کئے جاسکیں گے۔ اس مرحلے کیلئے ووٹنگ 26 اپریل کو ہوگی۔ جموں وکشمیر کو چھوڑ کر تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں پرچۂ نامزدگی کی جانچ، 5 اپریل تک مکمل ہوجائے گی جبکہ جموں وکشمیر میں پرچۂ نامزدگی کی جانچ 6 اپریل کو ہوگی۔x

## State Nominations

کیرالہ میں کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کے پہلے دن آج متعدد لوک سبھا حلقوں کیلئے 14 امیدواروں نے اپنے پرچے داخل کیے۔ ریاست میں دوسرے مرحلے کے تحت لوک سبھا کے انتخابات کرائے جا رہے ہیں۔
منی پور کی دو لوک سبھا سیٹوں کیلئے کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال مکمل ہوچکی ہے۔ 10 کاغذاتِ نامزدگی درست پائے گئے ہیں جبکہ ایک پرچۂ نامزدگی کو خارج کر دیا گیا ہے۔ مغربی بنگال میں لوک سبھا کے دوسرے مرحلے کیلئے نوٹیفکیشن آج جاری کر دیا گیا ہے۔ کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ 4 اپریل ہے جبکہ کاغذات کی جانچ پڑتال اگلے روز 5 اپریل کو کی جائے گی۔ x

## J&K Notification

جموں و کشمیر میں 26 اپریل کو جموں لوک سبھا سیٹ پر ہونے والے انتخابات کیلئے نوٹیفکیشن آج جاری کر دیا گیا ہے۔ کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ 4 اپریل ہے جبکہ کاغذات کی جانچ پڑتال 6 اپریل کو کی جائے گی۔ امیدواروں کے ذریعے نام واپس لینے کی آخری تاریخ 8 اپریل ہے۔ BJP نے جموں پارلیمانی حلقے کیلئے اپنے موجودہ رکن پارلیمنٹ جُگل کشور کو پارٹی کا امیدوار بنایا ہے جبکہ کانگریس نے جموں کشمیر کے کارگزار صدار اور سابق وزیر رَمن بھلّا کو میدان میں اتارا ہے۔ x

## Bihar Nominations

بہار میں لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کے تحت گیا، اورنگ آباد، نوادہ اور جموئی پارلیمانی حلقوں میں کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج ختم ہوگیا۔ چار پارلیمانی حلقوں میں کُل 110 نامزدگی پرچے داخل کیے گئے ہیں۔ بہار کے چیف الیکٹورل آفیسر کے دفتر نے مطلع کیا ہے کہ کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کے آخری دن آج نوادہ اور گیا پارلیمانی حلقوں سے 27-27 امیدواروں نے اپنے پرچے داخل کیے، جبکہ اورنگ آباد سے 25 اور جموئی سے 21 امیدواروں نے پرچے داخل کیے۔ کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال 30 مارچ کو کی جائے گی۔ امیدوار 2 اپریل تک اپنا نام واپس لے سکتے ہیں۔ اِس مرحلے کے تحت 19 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔
ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ زیادہ تر امیداروں نے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کے آخری دن اپنے پرچے بھرے۔ پہلے مرحلے میں BJP دو سیٹوں پر چناؤ لڑ رہی ہے جبکہ لوک جن شکتی پارٹی رام والاس اور ہندوستانی عوام مورچہ ایک ایک سیٹ پر چناؤ میدان میں ہے۔
عظیم اتحاد سے راشٹریہ جنتا دل تمام چار سیٹوں پر چناؤ لڑ رہی ہے۔ x

## EC Kashmiri Migrants

الیکشن کمیشن نے کشمیری مہاجر ووٹرز کیلئے جو جموں، اُدھم پور اور دلّی کے مختلف کیمپوں میں رہائش پذیر ہیں، خصوصی پولنگ مراکز قائم کیے ہیں تاکہ جموں وکشمیر میں لوک سبھا چناؤ کے دوران الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کے ذریعے

انہیں اپنے حقِ رائے دہی کے استعمال کاموقع مل سکے۔کمیشن نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ ان لوگوں کیلئے جو فی الحال دلّی اُدھم پور اور جموں کے علاقوں سے باہر کے مقامات یا رہائشی علاقوں میں رہتے ہیں، اُنہیں ڈاک سے Ballot Paper کے ذریعے اپنے حق رائے کے استعمال کا موقع دیا جائے گا۔کمیشن نے مزید بتایا کہ تمام مہاجر ووٹرز کیلئے، جو بذاتِ خود ووٹ نہ دے سکیں، اُن کیلئے پوسٹل بیلٹ پیپرز کے ذریعے ووٹ دینے کا متبادل موجود رہے گا۔x

## MAHA Shinde Election

مہاراشٹر میں وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کی قیادت والی شیوسینا نے آج آٹھ لوک سبھا سیٹوں کیلئے امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔ اس فہرست میں سات موجودہ ارکانِ پارلیمنٹ بھی شامل ہیں۔ فہرست کے مطابق پارٹیب نے سابق کانگریسی ایم ایل اے Raju Parve کو Ramtek سیٹ سے ٹکٹ دیا ہے، جبکہ فہرست میں دیگر سات نام تمام موجودہ ارکان پارلیمنٹ کے ہیں، جن میں ممبئی ساؤتھ سینٹرل سے Rahul Shewale، کولہاپور سے Sanjay Mandlik، شرڈی (درج فہرست) سیٹ سےSadashiv Lokhande، Buldhana سے پرتاپ راؤ جادھو، Hingoli سے ہیمنت پاٹل، Maval سے Srirang Barne اور Hatkanangle سیٹ سے Dhairyasheel Mane شامل ہیں۔x

## Shiv Sena Govinda

بالی ووڈ اداکار گووندا آج ممبئی میں ایکناتھ شندے کی قیادت والی شیو سینا میں شامل ہوگئے۔ اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ شندے نے کہا کہ گووندا پارٹی کیلئے چناؤ مہم میں حصہ لینے والے سرکردہ شخصیت ہوں گے۔ x

## Haryana Candidate

ہریانہ کی سابق وزیر ساوتری جندل آئندہ لوک سبھا انتخابات 2024 سے پہلے اپنے حامیوں کے ساتھ بھارتیہ جنتا پارٹی میں شامل ہوگئی ہیں۔ انھوں نے کل کانگریس پارٹی سے استعفیٰ دے دیا تھا۔محترمہ جندل، وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی اور سابق وزیر اعلیٰ منوہر لال کی موجودگی میں ہسار کے مقام پر BJP میں شامل ہوئیں۔ x

## BJP Mathab Joining

اڈیشہ میں کٹک کے موجودہ رکن پارلیمنٹ Bhartruhari مہتاب، آج BJP میں شامل ہوگئے۔ جناب مہتاب نے چند روز قبل بیجو جنتا دل سے استعفیٰ دے دیا تھا۔ انھیں نئی دلّی میں BJP ہیڈکوارٹرس میں پارٹی کے سینئر رہنما اور مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان اور پارٹی کے جنرل سکریٹری ونود تاوڑے کی موجودگی میں BJP میں شامل کیا گیا۔ اس موقع پر کچھ دیگر معزز شخصیتوں نے بھی BJP میں شمولیت اختیار کی ہے۔

اسی دوران رانچی سے BJP کے سابق رکن پارلیمنٹ رام ٹہل چودھری، کانگریس پارٹی میں شامل ہوگئے ہیں۔ انھوں نے نئی دلّی میں کانگریس لیڈران غلام احمد میر اور پون کھیڑا کی موجودگی میں پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔ x

## NIA Arrest

قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA نے آج بنگلورو کے رامیشورم کیفے دھماکہ معاملے میں سازش کرنے والے ایک اہم شخص کو گرفتار کیا ہے۔ یہ گرفتاری کرناٹک، تمل ناڈو اور اترپردیش میں ایجنسی کی جانب سے بڑے پیمانے پر چھاپے مارنے کی کارروائی کے بعد کی گئی ہے۔ تحقیقات سے پتہ چلا ہے کہ گرفتار کئے گئے شخص نے اپنے دو دیگر ساتھیوں کو لاجسٹک سپورٹ کی تھی، جن کی کیفے میں IED دھماکے میں ملوث ہونے کے سلسلے میں شناخت کی گئی تھی۔ یہ دھماکہ اس مہینے کے اوائل میں ہوا تھا جس میں متعدد لوگ زخمی ہوئے تھے۔x

## Tejas MK1A

ہلکے جنگی طیارے Tejas Mk1A کی پہلی پرواز آج بینگلورو میں ہندوستان Aeronautics لمیٹڈ Facility سے کامیابی کے ساتھ مکمل ہوئی۔ LCA کی جدید ترین شکل Mk1A طیارہ جدید ترین الیکٹرونک راڈار، جنگی حربے، مواصلاتی نظام اور جنگی صلاحیتوں سے لیس ہے۔ اس میں بجلی سے چلنے والا Scanned Array Radar، Electronic Warfare Suite، بصری رینج سے آگے کے میزائل اور فضا میں ہی ایندھن بھرنے کی صلاحیت بھی ہے۔x

## Madrid Spain Masters

بیڈمنٹن میں بھارت کی سرکردہ بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو، آج Madrid میں اسپین ماسٹرس ٹورنامنٹ کے خواتین کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ انھوں نے سیدھے سیٹوں میں تائیوان کی کھلاڑی Y. Huang کو اکیس-چودہ، اکیس-بارہ سے شکست دے کر آسان جیت حاصل کی۔ x

## IPL

IPL کرکٹ میں جے پور کے سوائی مان سنگھ انڈور اسٹیڈیم میں جاری میچ میں راجستھان رائل نے دلّی کیپٹلس کے سامنے جیت کیلئے 186 رن کا نشانہ رکھا ہے۔اِس سے پہلے دلّی کیپٹلس نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ یہ اِس IPL میں دونوں ٹیموں کا دوسرا میچ ہے۔

کل حیدر آباد کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں سن رائزرس حیدرآباد نے ممبئی انڈینس کو 31 رن سے ہرایا تھا۔کل شام ساڑھے 7 بجے بینگلورو کے ایم چنّا سوامی اسٹیڈیم میں رائل چیلنجرس بینگلورو اور کولکاتا نائٹ رائیڈرس آمنے سامنے ہوں گے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆